SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

July 5, 2016

ویلیوئرزرجسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کوایس ای سی پی ایکٹ میں ترامیم کی منظوری کے بعد نافذ کر دیا جائے گا:ایس ای سی پی

اسلام آباد(۵جولائی)سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پیشہ ورانہ ویلیوئرز کوانضباطی دائرہ کارمیں لانے کے پیش نظر ویلیوئرزرجسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کے مسودہ کی منظوری دے دی ہے۔یہ ریگولیشن ایس ای سی پی ایکٹ 1997 کی دفعہ 20اور40کے میں حاصل اختیارات کے تحت ترتیب دئے گئے ہیں اور عوامی آراءوتجاویز کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر جاری کر دیے گئے ہیں۔

کمیشن کے حال ہی میں ہونے والے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے ویلیوئرزرجسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کوایس ای سی پی ایکٹ میں ترامیم کی منظوری کے بعد بعد، ترمیم شدہ ایکٹ کی سیکشن 20 کے تحت نافذ کیا جائے گا۔ایس ای سی پی ایکٹ کی مجوزہ ترامیم کے تحت کمیشن کواثاثہ جات کے پیشہ ورانہ ویلیوئرز کو ریگولیٹ کرنے کے باقاعدہ اختیارات دئے گے ہیں۔

نئے ریگولیشن میں ویلیوئرز کو کمپنی کی صورت میں رجسٹریشن کا طریقہ کار فراہم کیا گیا ہے اور ویلیوئرز کے لئے اہلیت کا معیار بھی مقرر کر دیا گیا ہے۔نئے ریگولیشن میں ویلیوئرز کے کام کا معیار برقرار رکھنے کے لئے فریم ورک بھی دیا گیا ہے جبکہ رجسٹرڈ ویلیوئرز کو ریٹنگ جاری کرنے کے لئے کوالٹی کنڑول بورڈ بھی قائم کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ان ریگولیشن میں ویلیوئیشن کمپنی کے ڈائریکٹرز اور سنئیر مینجمنٹ کے لئے کوڈ آف کنڈیکٹ اور اخلاقی معیارات بھی تجویز کئے گئے ہیں۔

ایس ای سی پی کو اب تک کئی افراد واداروں سے یلیوئرزرجسٹریشن اینڈ گورننس ریگولیشن کے مسودے پر تجاویز حاصل ہو چکی ہیں۔ریگولیشن پر مشاورت کے سلسلے کو حتمی شکل دینے کے لئے ایس ای سی پی ایک راونڈ ٹیبل کانفرنس منعقد کرے گا جس میں تمام شراکت داروں اور سٹیک ہولڈرز کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔تمام شراکت داروں اور سٹیک پولڈرز سے حاصل ہونے والی تجاویز کی روشنی میں ان ضوابط کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

یاد رہے کہ اس سے پہلے یہ سیکٹر مجموعی طور پر ریگولیٹ نہیں کیا جا رہا تھا۔ایس ای سی پی نے اس شعبے کو ریگولیٹ کرنے کے لئے فریم ورک تشکیل دیا اور بین الاقوامی تجربات اور مقامی حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ار تمام شراکت داروں بشمول سٹیٹ بینک آف پاکستان، پاکستان بینکنگ ایسوسی ائیشن اور پیشہ وارانہ ویلیوئرز کی مشاورت سے ان ریگولیشن کے مسودہ کو ترتیب دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005